از دفتر مہتمم جنگلات تجدید ڈویژن جہلم ویلی

☆☆☆

نمبر 785-90 مورخہ 30/01/2020

میسرز:۔

بشارت احمد،

گورنمنٹ کنٹریکٹر اینڈ جنرل آرڈر سپلائر۔

عنوان:۔ **ورک آرڈر برائے سپلائی پولیتھین ٹیوبز سائز"x4"7وزنی 10000 کلوگرام گیج 0.002 mm و"x12"9وزنی 600 کلوگرام گیج 0.002 mm زیر منصوبہ TBTTP**

تحریر ہے کہ مورخہ 30-10-2019 کو پولیتھین ٹیوبز کی سپلائی کیلئے آپ کی طرف سے پیش کردہ نرخ پولیتھین ٹیوبز سائز (سائز"x4"7)-/449 روپے و (سائز"x12"9)-/449 روپے فی کلوگرام بشمول جملہ مروجہ ٹیکسز و پنچینگ بروئے منظوری نظامت تجدید جنگلات ارسال کیا گیا۔ نظامت جنگلات تجدید سرکل سے بروئے مکتوب نمبر 2216 مورخہ 07-01-2020 نظامت اعلیٰ جنگلات (ترقیات) کو ارسال کیا گیا۔ نظامت اعلیٰ جنگلات (ترقیات) سے بروئے حکم مجریہ زیر نمبر 3314-17/2020 مورخہ 20-01-2020 خرید پولیتھین ٹیوبز مالیتی -/4759400 (سنتالیس لاکھ انسٹھ ہزار چار صد روپے) زیر منصوبہ TBTTP (AJK Component) کا ٹینڈر بحق میسرز بشارت احمد گورنمنٹ کنٹریکٹر اینڈ جنرل آرڈر سپلائر کے حق میں منظوری صادر فرمائی ہے۔

لہذا تابع شرائط ذیل آپ کے حق میں بذیل ورک آرڈر جاری کیا جاتا ہے۔

1) پولیتھین ٹیوبز برنگ سیاہ سائز"x4"7 وزنی 10,000 کلوگرام گیج 0.002 mm و"x12"9 وزنی 600 کلوگرام گیج 0.002 mm فراہم کرنا ہونگی۔

2) پولیتھین ٹیوبز کی تیاری میں درآمد شدہ پوڈر استعمال کرنا ہوگا۔

3) ورک آرڈر کی اجرائیگی کے بعد جملہ سپلائی پولیتھین ٹیوبز مقرر میعاد (14 ایام) کے اندر دفتر تجدید ڈویژن جہلم ویلی واقع رشید آباد حوالہ نمائندہ ڈویژن کرنا ہونگی۔

4) دفتر تجدید ڈویژن جہلم ویلی سے تشکیل کردہ کمیٹی سے پاس کردہ پولیتھین ٹیوبز کی ادائیگی عمل میں لائی جائیگی اور کوالٹی پر کسی قسم کا Compromise نہ کیا جائیگا۔

5) منظور شدہ نرخ فی کلوگرام میں کسی بھی صورت اضافہ ہرگز نہ ہوگا اور نہ ہی ٹھیکیدار کو کسی قسم کی زائد اجرت کے مطالبے کا حق ہوگا۔ نیز ٹھیکیدار کو کسی قسم کا ایڈوانس بھی نہیں دیا جائیگا۔

6) مروجہ قواعد کے تحت آزاد کشمیر میں رائج جملہ ٹیکسز سپلائر کے بل/بلات سے تحت قواعد واضع کیے جائیں گے۔

7) جملہ شرائط اشتہار/ٹینڈر نوٹس مشتہر شدہ در ویب سائیٹ AJK-PPRA و اقرار نامہ لاگو ہونگی جن کی پابندی لازمی ہے۔

8) مطلوبہ مقدار پولیتھین ٹیوبز مطابق مقررہ تصریحات (Specification) تجدید ڈویژن جہلم ویلی میں مقررہ میعاد کے اندر سپلائی کرنا ہونگی۔ ناکامی کی صورت میں یا محکمانہ تصریحات کے مغائر ناقص مال سپلائی کرنے پر زر ضمانت بحق سرکار ضبط کی جا کر ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔

مہتمم جنگلات

تجدید ڈویژن جہلم ویلی

30/1

نقل بالا بخدمت:

1) جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (ترقیات) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔

2) جناب ناظم اعلیٰ حسابات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔

3) ناظم صاحب جنگلات تجدید سرکل مظفرآباد بغرض اطلاع۔

4) چیف صاحب پلاننگ محکمہ جنگلات فوکل پرسن (AJK-PPRA) مرسلہو کر تحریر خدمت ہے کہ Contract Award Report AJK-PPRA کی ویب سائٹ پر شائع کرنے کا اہتمام فرمایا جائے۔

5) ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر صاحب تجدید ڈویژن جہلم ویلی برائے اطلاع۔

6) آفس کاپی۔